COUNT US IN 2020

There's Power In Being Counted

ASIAN AMERICANS ADVANCING JUSTICE

COUNTUSIN2020.ORG

# مردم شماری کی رازداری

**سوالات ہیں؟ انگریزی اور دیگر زبانوں میں معاونت کے لئے مردم شماری کی ہاٹ لائن 844-2020-API پر کال کریں۔ مزید معلومات کے لئے www.CountUsIn2020.org/hotline ملاحظہ کریں۔**

یہ مردم شماری ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں رہنے والے تمام لوگوں کا تخمینہ کرے گی۔

- اس مردم شماری کا تخمینہ اس بات پر اثرانداز ہوگا کہ آپ کے علاقے کے اسکولوں، حفظانِ صحت، اور دوسری لازمی خدمات کو کتنا سرمایہ دیا جائے گا -- آپ کی کمیونٹی میں جتنے زیادہ لوگوں کا شمار کیا جائے گا، آپ کی کمیونٹی کو اسی قدر زیادہ سرمایہ وصول کرے گی۔
- **جب آپ مردم شماری کا جواب دیں گے، تو آپ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کریں گے کہ آپ کے خاندان اور کمیونٹی کو سرمائے، خدمات، اور سیاسی نمائندگی کا منصفانہ حصہ ملے گا!**

مردم شماری میں، آپ کے گھرانے میں رہنے والے ہر شخص کے بارے میں بنیادی سوالات پوچھے جائیں گے، جیسے کےعمر، نام، قومیت، اور نسلی ماخذ۔ **مردم شماری 2020 میں امیگریشن یا شہریت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔**

## مردم شماری کے آپ کے جوابات مکمل طور پر رازدارانہ ہیں۔

- ❖ انتہائی سخت قوانین کے ذریعے مردم شماری کے آپ کے جواب کی رازداری کی حفاظت کی جاتی ہے۔
- ❖ مردم شماری کے محکمے، بشمول ICE، پولیس، یا کسی دیگر سرکاری ایجنسیوں کو آپ کی ذاتی معلومات کسی کے ساتھ شئیر کرنے کی اجازت نہیں۔
- ❖ مردم شماری کا محکمہ آپ کے جواب کو آبادی کے بارے میں عمومی معلومات تشکیل دینے کے لئے استعمال کرے گا، جیسے کہ آپ کے شہر میں کتنے لوگ رہتے ہیں، اور آپ کی عمر، جنس، اور نسل کے بارے میں اعداد و شمار۔ مردم شماری کا محکمہ آپ کے بارے میں کوئی معلومات کسی کو نہیں بتائے گا۔

قانون ہر ایک سے مردم شماری کا مکمل طریقے سے جواب دینے اور تمام سوالات کا سچائی سے جواب دینے کا تقاضا کرتا ہے۔ مردم شماری میں جھوٹ نہ بولیں۔

جب تک کہ آپ اپنا نام اور پتہ فراہم کریں گے، تو اگر آپ ایک یا دو سوال چھوڑ بھی دیں، تو آپ کا فارم پھر بھی شمار کیا جائے گا۔ اگر آپ مردم شماری کے سوالات چھوڑ دیں یا بالکل جواب نہ دیں، تو مردم شماری کا محکمہ، یا تو فون کے ذریعے یا آپ کے گھر مردم شماری کے محکمے کے کارکن کو بھیج کر، نامعلوم معلومات پوچھنے کے لئے پیروی کرسکتا ہے۔ آپ جتنے کم سوالات چھوڑیں گے، اتنا ہی کم امکان ہے کہ مردم شماری کا محکمہ پیروی کرے گا۔

*آپ مردم شماری کے بارے میں مزید معلومات یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں www.CountUsIn2020.org/resources۔*